
**دنیا بھر میں 29% جوابدہندگان کی نسبت، پاکستان کی تقریباً نصف (47% ) آبادی کبھی نہیں یا بہت کم ورزش کرنے کا دعویٰ کرتی ہے، سروے میں شامل ممالک جن میں اس حوالےسے زیادہ شرح پائی گئی اُن میں پاکستان دوسرے نمبر پر ہے۔**

تعلیم کے لیول کے ساتھ جسمانی ورزش کرنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھنے میں آیا ۔




معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا :1%

برائےمہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ ورزش کرتے ہیں ؟



Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## صحت کی دیکھ بھال

عمومی صحت اور صحت کی دیکھ بھال

**دنیا بھر میں 29% جوابدہندگان کی نسبت، پاکستان کی تقریباً نصف (47%) آبادی کبھی نہیں یا بہت کم ورزش کرنے کا دعویٰ کرتی ہے، سروے میں شامل ممالک جن میں اس حوالے سے زیادہ شرح پائی گئی اُن میں پاکستان دوسرے نمبر پر ہے۔ تعلیم کے لیول کے ساتھ جسمانی ورزش کرنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔**

**(گیلپ پاکستان اور WIN ورلڈ ویوز سروے کی رپورٹ جاری)**

(اسلام آباد) ،21 اپریل 2025


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے جو دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، دنیا بھر میں 29% جوابدہندگان کی نسبت، پاکستان کی تقریباً نصف (47%) آبادی کبھی نہیں یا بہت کم ورزش کرنے کا دعویٰ کرتی ہے، سروے میں شامل ممالک جن میں اس حوالے سے زیادہ شرح پائی گئی اُن میں پاکستان دوسرے نمبر پر ہے۔ تعلیم کے لیول کے ساتھ جسمانی ورزش کرنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2025) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 34,946 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ صحت کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے صحت کے حوالے سے ذاتی تصورات، اس سے متعلق عادات اور صحت مند زندگی کی خصوصیات کو سمجھنے کیلئے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 6 دسمبر 2024 سے 2 جنوری 2025 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

صحت کے حوالے سے جاری کی گئی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ ورزش کرتے ہیں؟"**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 22% جوابدہندگان کے مطابق وہ تقریباً ہمیشہ ورزش کرتے ہیں، 20% جوابدہندگان کے مطابق وہ زیادہ تر ورزش کرتے ہیں، 10% جوابدہندگان کے مطابق وہ بعض اوقات ورزش کرتے ہیں، 10% جوابدہندگان کے مطابق وہ بہت کم / کبھی کبھار ورزش کرتے ہیں، جبکہ 37% جوابدہندگان کے مطابق وہ ورزش کبھی نہیں کرتے ہیں، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے کہیں گے کہ آپ ورزش کرتے ہیں؟"




*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 6 دسمبر 2024 تا 2 جنوری 2025 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


**عالمی موازنہ (ریجن کے اعتبار سے نتائج):** صحت پر کیے گئے اس ورلڈ ویوز سروے کے مطابق، مینا (MENA) ریجن کے ممالک کی سب سے زیادہ شرح کا یہ کہنا ہے کہ وہ کبھی نہیں یا بہت کم ورزش کرتے ہیں (35%)، اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح امریکن ریجن-Americas (32%) اور اے پیک-APAC ریجن (28%) میں دیکھنے میں آئی۔ تاہم، وہ افراد جو کبھی نہیں یا بہت کم ورزش کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں اُن کی سب سے کم شرح یورپ ممالک میں پائی گئی (27%)۔




نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو اس میں شامل نہیں کیا گیا

*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


**ممالک کے اعتبار سے نتائج:** وہ ممالک جن کی زیادہ شرح کا یہ کہنا ہے کہ وہ کبھی بھی نہیں یا بہت کم ورزش کرتے ہیں اُن میں برازیل (49%) سرفہرست ہے۔ جبکہ پاکستان اور ترکی 47% اور 45% شرح کے ساتھ دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہیں۔ تاہم، بھارت میں باقاعدگی سے جسمانی ورزش کرنے والے افراد کی شرح سب سے زیادہ پائی گئی، جہاں پر صرف 10% جواب دہندگان نے بتایا کہ وہ کبھی نہیں یا بہت کم ورزش کرتے ہیں۔




نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو اس میں شامل نہیں کیا گیا

*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


**جنس کے اعتبار سے نتائج**: عالمی سطح پر، مرد حضرات (27%) کی نسبت خواتین (31%) کی زیادہ شرح کا کہنا ہے کہ وہ کبھی نہیں یا بہت کم ورزش کرتی ہیں۔




نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو اس میں شامل نہیں کیا گیا

*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

**تعلیم کی بنیاد پر نتائج**: عالمی سطح پر، پاکستان میں، تعلیم میں اضافے کے ساتھ اپنی صحت کا خیال رکھنے کے حوالے سے مستقل ورزش کرنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔




نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو اس میں شامل نہیں کیا گیا

*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

**Monday, 21st April 2025**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)